مطبوعات

دربار رسولؐ کے فیصلے

مترجمہ ابوالعرفان حکیم محمد عبدالرشید۔ عرفان منزل۔ بہاولپور۔ ضخامت ۲۲۴ صفحات۔ قیمت بلاجلد تین روپے۔ مجلد چار روپے۔

اسلامی قوانینِ شریعت کی روح سے واقف ہونے کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ رسولؐ اللہ اور خلفائے راشدین کے حضور میں جو مقدمات پیش ہوا کرتے تھے ان کو اور ان کے فیصلوں کا بغور مطالعہ کیا جائے۔ ایسے فیصلوں کی ایک کثیر تعداد حدیث کے مجموعوں میں محفوظ ہے، مگر انھیں متفرق طور پر روایت کیا گیا ہے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ انھیں یکجا کیا جاتا۔ عبداللہ محمد بن فرج المالکی کی تالیف "اقضیۃ الرسول" اس ضرورت کو نہایت خوبی سے پورا کرتی ہے۔ زیر نظر کتاب اسی کا اردو ترجمہ ہے جو حکیم عبدالرشید صاحب نے بڑی محنت اور عمدگی سے کیا ہے۔ کتاب تمام ظاہری اور باطنی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ اس کا مطالعہ ہم ہر مسلمان کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔

اقبال کا مطالعہ

از سید نذیر نیازی۔ کتاب خانہ پنجاب۔ لاہور۔ قیمت عہ

یہ چار مختلف مضامین کا مجموعہ ہے۔ پہلے مضمون میں مصنف نے بتایا ہے کہ ان کے نزدیک اقبال کا مطالعہ کرتے وقت اس کی کن کن حیثیتوں کا ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے۔ دوسرے مضمون کا عنوان "اقبال اور حکمائے فرنگ" ہے۔ تیسرے مضمون میں اقبال کے اپنے نظامِ فکر اور مغربی فلسفہ پر ان کی تنقید کو بیان کیا گیا ہے اور چوتھے مضمون میں اقبال کی آخری علالت اور وفات کا ذکر ہے۔

خطباتِ شبلی

شائع کردہ دار المصنفین۔ اعظم گڑھ۔

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ زورِ تحریر اور قوتِ تقریر ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ لیکن مولانا شبلی اس سے